Alberta

نیوز ریلیز

البرٹا میں ویکسین کی فراہمی تیز ہو رہی ہے

12 اپریل، 2021ء

کیلگری اور ایڈمنٹن میں تیزی سے کھلنے والی کلینکوں کے ساتھ، البرٹا ریکارڈ رفتار سے حفاظتی ٹیکے پہنچانے کیلئے تقسیم میں توسیع کر رہا ہے۔

1,300 سے زائد فارمیسیاں اور 103 حفاظتی ٹیکے لگانے والی سائٹیں اب ویکسین لگا رہی ہیں، اور آنے والے ہفتوں میں ان میں مزید جگہیں شامل ہو جائیں گی، صوبہ اب ایک ہفتے میں 300,000 سے زائد ٹیکے تقسیم کرنے کی رفتار پر ہے۔

684,000 سے زائد البرٹنز اب تک ویکسین کا کم از کم ایک ٹیکہ لگوا چکے ہیں، جو انہیں سنگین نتائج سے بچانے اور کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دیتا ہے۔

البرٹا میں تمام بالغوں کو جون کے آخر تک ویکسین کے پہلے ٹیکے کی پیشکش کی جائے گی، بشرطیکہ ویکسین مقررہ شیڈول کے مطابق پہنچتی رہی۔

"ویکسینز اور مختلف حالتوں کے درمیان دوڑ میں، ہم کامیابی حاصل کر رہے ہیں۔ ہم اپنی فراہمی اور ٹائم لائن کو تیز کرتے رہیں گے۔ ہم 30 جون تک ہر بالغ فرد کو پہلا ٹیکہ پیش کرنے کے عزم کو پورا کرنے یا اسے عبور کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔" ***جیسن کینی، پریمیئر (Jason Kenney, Premier)***

"ہمارے صحت کے اہلکار ویکسین کی نئی کھیپیں جیسے ہی پہنچیں، البرٹنز کو دستیاب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ میں البرٹنز پر زور دیتا ہوں کہ جیسے ہی وہ اہل ہوں حفاظتی ٹیکے لگوائیں۔ جب آپ کی باری ہو، براہِ مہربانی اپنے ٹیکے کیلئے سائن اپ کریں، اپنی اپوائنٹمینٹ پر حاضر ہوں اور اپنے دوسرے ٹیکے کیلئے فالو اپ کریں۔" *ٹائلر شینڈرو (Tyler Shandro)، وزیرِ صحت*

پچھلے ہفتے میں، البرٹا نے ویکسین کی تقسیم میں اضافے کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں:

- صحت کی بنیادی حالتوں والے 650,000 سے زائد اہل البرٹنز کیلئے فیز 2 بی کو مکمل طور پر کھولا۔
- فیز 2 سی 240,000 سے زائد صحت کی نگہداشت کرنے والے ورکرز کیلئے کھولا۔
- 55 سے 64 سال کی عمر کے البرٹنز کیلئے آسٹرازینیکا ویکسین کیلئے بکنگ کھولی۔
- 12 اپریل کو کیلگری اور ایڈمنٹن کلینکس کے علاوہ گرینڈ پریری، فورٹ میک مرے، ریڈ ڈیئر، لیتھ برج اور میڈیسن ہیٹ میں ریپڈ فلو والی کلینکس کھولیں۔

13 اپریل کو، ابتدائی طور پر ایڈمنٹن اور کیلگری میں، منتخب فارمیسیاں صرف اپوائنٹمینٹ کی بجائے، اہل البرٹنز کیلئے آسٹرازینیکا ویکسین سے حفاظتی ٹیکے لگانے کیلئے واک ان بکنگ کی اجازت دینا شروع کر دیں گی۔ بہت سی فارمیسیز صرف اپوائنٹمینٹ پر ہی رہیں گی، لہٰذا براہِ مہربانی واک ان سائٹس کیلئے البرٹا بلیو کراس کی ویب سائٹ کو دیکھیں یا ان کی بکنگ کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کیلئے مخصوص جگہوں سے رابطہ کریں۔

کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کے ریسپانس کیلئے فزیشن کے کلینکس کو شامل کرنے کے لئے البرٹا ہیلتھ اور البرٹا میڈیکل ایسوسی ایشن ایک ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔ پہلے پائلٹ کلینک اور وسیع تر توسیع کے بارے میں معلومات کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

فیز 2 سی میں درج اضافی گروپ آئندہ ہفتوں میں اہل ہو جائیں گے۔ جیسے جیسے ہر گروپ اپوائنٹمینٹس بک کرنے کا اہل بن جائے گا، ویسے ویسے مزید معلومات شیئر کی جائیں گی۔

اب 1.7 ملین سے زائد البرٹنز کووِڈ-19 ویکسین کے اہل ہیں۔ بکنگ حصہ لینے والی فارمیسیوں یا البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) آن لائن یا 811 پر کال کر کے کی جاسکتی ہے۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- البرٹا میں کووِڈ-19 ویکسین
- کسی فارمیسی میں اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- نیوز کانفرنس سُنیں
- ایونٹ کی تصاویر دیکھیں

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید حکومتی ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*